**01.04.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ رحمٰن

**Music**

.............................................................................

☆ بھارت اور چلی نے تجارت اور سرمایہ کاری کو فروغ دینے کی خاطر اقتصادی ساجھیداری کے جامع سمجھوتے کی سمت بات چیت کرنے سے اتفاق کیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی اور چلی کے صدر Gabriel Boric Font نے آج نئی دلّی میں تبادلۂ خیال کیا۔

☆ پارلیمنٹ نے Tribhuvan سہکاری یونیورسٹی بل 2025 کو منظوری دے دی ہے۔

☆ وقف ترمیمی بل 2024 کل لوک سبھا میں غور و خوض اور منظوری کیلئے پیش کیا جائے گا۔

☆ گزشتہ مالی سال میں دفاعی سامان کی برآمدات بڑھ کر 23 ہزار 600 کروڑ روپے سے زیادہ کی ریکارڈ سطح پر پہنچ گئی، جس سے 12 اعشاریہ صفر چار فیصد کے اضافے کی عکاسی ہوتی ہے۔

☆ مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے جرائم سے نمٹنے کیلئے تکنیکی اور قانونی رویہ اختیار کئے جانے پر زور دیا ہے۔

☆ گجرات کے بناس کانٹھا ضلع میں آتش بازی کا سامان تیار کرنے والی فیکٹری میں آگ لگنے سے کم از کم 18 افراد کی موت ہوگئی۔

☆ اور IPL کرکٹ میں، لکھنؤ میں ، پنجاب کنگس کا مقابلہ لکھنؤ سُپر جائنٹس سے ہورہا ہے۔

.............................................................................

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

**Chili Prez Visit**

بھارت اور چلی نے قدرتی آفات سے پیدا حالات سے نمٹنے اور ثقافتی تبادلوں کے شعبے میں اشتراک کیلئے سمجھوتوں کا تبادلہ کیا ہے۔ دونوں ملکوں نے Antarctica اشتراک کے بارے میں ایک دوسرے کو دلچسپی کے مراسلے

بھی حوالے کئے ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نئی دلّی میں چلی کے صدر Gabriel Boric Font کے ساتھ بات چیت کی، جس میں بھارت - چلی تعلقات کے تمام تر پہلو زیرِ غور آئے۔

جناب مودی نے اپنے اخباری بیان میں کہا کہ چلی لاطینی امریکہ میں، بھارت کیلئے ایک اہم دوست اور ساجھیدار ملک ہے۔

انہوں نے کہا کہ آج کی بات چیت میں دونوں رہنماؤں نے آنے والی دہائیوں میں تعاون بڑھانے کی خاطر کئی نئے اقدامات کی نشاندہی کی ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ دونوں فریقوں نے اپنی اپنی ٹیموں کو یہ ہدایت دی ہے کہ باہمی طور پر مفید اقتصادی ساجھیداری کے جامع سمجھوتے کے بارے میں بات چیت کا سلسلہ شروع کیا جائے۔

SB - PM - CEPA - 38 Sec

اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے، چلی کے صدر Gabriel Boric Font نے باہمی تعلقات کو وسعت دینے کے اپنے ملک کے عہد کو دوہرایا۔ انہوں نے کاروباری تعلقات کو مستحکم بنانے، سرمایہ کاری اور معدنیات کے شعبے میں اہم اشتراک کی اہمیت کو اجاگر کیا، جو آب و ہوا کی تبدیلی کے عالمی چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے ضروری ہے۔

SB - 2100 - Gabriel Boric Font - Prez Chile

وزارتِ خارجہ میں مشرقی ملکوں کے امور کے سکریٹری Periasamy Kumaran نے چلی کے صدر Gabriel Boric Font کے بھارت کے دورے کے بارے میں میڈیا کو جانکاری دیتے ہوئے کہا کہ دونوں ملکوں نے تجارت اور سرمایہ کاری کو وسعت دینے کی خاطر اقتصادی ساجھیداری کے جامع سمجھوتے کی سمت بات چیت کرنے سے اتفاق کیا ہے۔

SB - 2100 - P Kumaran - MoU

**MEA Chile President Visit**

بھارت اور چلی نے اقتصادی ساجھیداری سے متعلق جامع سمجھوتے کی سمت بات چیت شروع کرنے سے اتفاق کیا ہے، جس کا مقصد تجارت اور سرمایہ کاری کو وسعت دینا ہے۔ وزارتِ خارجہ میں مشرقی ملکوں کے امور کے سکریٹری Periasamy Kumaran نے چلی کے صدر Gabriel Boric Font کے بھارت کے دورے کے بارے میں میڈیا کو جانکاری دیتے ہوئے کہا کہ سرِدست دونوں ملکوں کے درمیان ایک جزوی تجارتی معاہدہ ہے اور اب اِس کا دائرہ بڑھاکر اِسے غیرملکی تجارت کے جامع سمجھوتے کی شکل دینا ہے۔

انہوں نے زور دے کر کہا کہ بھارت زرعی برآمدات کو وسعت دینے اور اہم معدنیات کو محفوظ رکھنے کا خواہشمند

ہے، جبکہ چلی اُن زرعی اشیاء کو برآمد کرنے میں دلچسپی رکھتا ہے، جو بھارت میں آسانی سے دستیاب نہیں ہیں۔

جناب کُمارَن نے دفاعی سامان کی برآمدات کو وسعت دینے میں بھارت کی دلچسپی کو بھی اجاگر کیا اور تکنیکی اختراع کی چلی کی صلاحیت کے تناظر میں دفاعی صنعتی شعبے میں چلی کی گہری دلچسپی کا حوالہ دیا۔ انہوں نے بتایا کہ چلی کاپر کی تیاری والا سب سے بڑا ملک ہے اور وہاں Lithium اور دیگر معدنیات کے وافر ذخائر بھی ہیں۔ انہوں نے باہمی تعلقات کو مستحکم بنانے میں باہمی مفاد کو بھی اجاگر کیا۔

بھارت اور چلی کے درمیان کل نئی دلّی میں کئی کاروباری میٹنگیں ہونے والی ہیں۔ اِس کے علاوہ ممبئی اور بنگلورو میں بھی اِس طرح کی میٹنگوں کا پروگرام ہے۔

چلی کے صدر Gabriel Boric Font چلی کے بنیادی ڈھانچے ، کانکنی اور قابلِ تجدید توانائی کے شعبوں میں بھارتی سرمایہ کاری کو راغب کرنے کیلئے سرگرمی کے ساتھ کوشش کررہے ہیں۔ وہ مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کے بھی خواہشمند ہیں۔ اِس میں تعلیم، ٹیکنالوجی، اختراع، ثقافتی تبادلے اور آیوروید اور یوگ جیسے روایتی طور طریقے شامل ہیں۔ x

## RS Discussions

پارلیمنٹ نے Tribhuvan سہکاری یونیورسٹی بل 2025 کو منظوری دے دی ہے۔ آج راجیہ سبھا نے بھی اِسے منظور کرلیا۔ لوک سبھا اِسے پہلے ہی منظور کرچکی ہے۔ مذکورہ بل کا مقصد اِنسٹی ٹیوٹ آف Rural مینجمنٹ آنند کو Tribhuvan سہکاری یونیورسٹی کے طور پر قائم کرنا اور اِسے قومی اہمیت کا حامل ادارہ قرار دینا ہے۔ مذکورہ یونیورسٹی کا مقصد امدادِ باہمی کے شعبے میں تکنیکی اور انتظامی تعلیم کو جدید طرز پر ڈھالنا اور ملک میں امدادِ باہمی تحریک کو مستحکم بنانا ہے۔

کانگریس کے لیڈر دِگ وجے سنگھ نے مذکورہ بل پر نکتہ چینی کی ہے اور امدادِ باہمی اداروں کو کارپوریٹ اداروں کی شکل دینے کا الزام لگایا ہے۔ انہوں نے کوآپریٹیو سوسائٹی چناؤ سے متعلق آئینی دفعات کی خلاف ورزی کا بھی الزام عائد کیا ہے۔

اِس پر BJP کی Indu Bala Goswami نے اِس کی تردید کرتے ہوئے، معاشی ترقی میں مذکورہ شعبے کے رول کو اجاگر کیا اور بتایا کہ 2025-26 کے مرکزی بجٹ میں امدادِ باہمی اداروں کیلئے ایک ہزار 186 کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں، جو سابقہ UPA سرکار کے دور میں مختص کی گئی رقم سے تقریباً 10 گنا زیادہ ہے۔

عام آدمی پارٹی کے اشوک کمار متّل نے یہ کہتے ہوئے بل کا خیرمقدم کیا کہ یونیورسٹی کیلئے 500 کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔ x

**Waqf Rijiju**

وقف ترمیمی بل 2024 کل لوک سبھا میں غور و خوض اور منظوری کیلئے پیش کیا جائے گا۔ آج پارلیمنٹ ہاؤس میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے، پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ ایوان میں مذکورہ بل پر بحث کیلئے 8 گھنٹے الاٹ کئے گئے ہیں۔ جناب رجیجو کے پاس اقلیتوں کے امور کی وزارت کی ذمہ داری بھی ہے۔

وزیرِ موصوف نے مزید کہا کہ ایوان کے کام کاج کی صلاح کار کمیٹی کی میٹنگ کے دوران اِس بات سے اتفاق کیا گیا کہ ایوان کے ارکان کی رائے کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے بحث کیلئے مقرر کئے گئے وقت میں توسیع کی جاسکتی ہے۔

SB - Kiren Rijiju

وقف ترمیمی بل 2024 کا مقصد وقف بورڈ کے کام کو مربوط بنانا اور وقف املاک کے موثر انتظام کو یقینی بنانا ہے۔ مذکورہ بل کا مقصد وقف بل 1995 میں ترمیم کرنا ، وقف املاک کے انتظام اور انہیں منضبط کرنے سے متعلق معاملات اور چیلنجوں کا ازالہ کرنا ہے۔

اِدھر BJP نے لوک سبھا میں اپنے سبھی ارکانِ پارلیمنٹ کو وہپ جاری کی ہے تاکہ کل لوک سبھا میں اُن کی موجودگی کو یقینی بنایا جاسکے۔

کانگریس نے بھی لوک سبھا میں اپنے سبھی ارکانِ پارلیمنٹ کو وہپ جاری کرکے اُنہیں اگلے تین دن ایوان میں موجود رہنے کی ہدایت دی ہے۔

تیلگو دیشم پارٹی نے بھی لوک سبھا میں اپنے ارکانِ پارلیمنٹ کیلئے وہپ جاری کی ہے۔

اِدھر پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں اپوزیشن کے آئی این ڈی آئی اے بلاک کے لیڈروں نے وقف ترمیمی بل کے بارے میں اپنی حکمتِ عملی پر تبادلۂ خیال کیلئے آج شام نئی دلّی میں میٹنگ کی۔ اِس میٹنگ میں دیگر لیڈروں کے علاوہ، کانگریس کے سرکردہ لیڈر راہل گاندھی اور ملکارجن کھڑگے، سماج وادی پارٹی کے پروفیسر رام گوپال یادو ، ترنمول کانگریس کے کلیان بنرجی ، DMK پارٹی کے ٹی آر بالو اور عام آدمی پارٹی کے سنجے سنگھ نے بھی شرکت کی۔ x

**MEA Operation Brahma**

وزارتِ خارجہ نے کہا ہے کہ زلزلے سے متاثرہ میانما میں آپریشن برہما کے تحت بھارت کی طبی ٹیم نے، جو آرمی فیلڈ اسپتال قائم کیا ہے، اُس میں تقریباً 104 مریضوں کا علاج کیا گیا ہے۔ دو بڑی سرجری بھی کی گئی ہیں۔

وزارت نے بتایا ہے کہ بھارتی فضائیہ کا ایک طیارہ انسانی ہمدردی کی بنیاد پر 16 ٹن امدادی سامان اور دیگر

ریلیف اشیاء لے کر آج دوپہر میانما کے Mandalay ہوائی اڈے پہنچا۔ انسانی ہمدردی کے امدادی سامان کے ساتھ Mandalay میں یہ پہلا طیارہ اترا ہے۔ وزارت کے مطابق NDRF کی ٹیمیں وہاں کام کررہی ہیں اور آج مزید چار لاشیں نکالی گئی ہیں۔ NDRF گنگا گھاٹ مندر کے مقام پر تلاش اور بچاؤ کی کارروائی بھی انجام دے رہی ہے۔x

## Defence Export

ملک کی دفاعی برآمدات مالی سال 25-2024 کے دوران 23 ہزار 600 کروڑ روپے سے زیادہ کی ریکارڈ بلندی پر پہنچ گئی ہے جو 12 اعشاریہ صفر چار فیصد کا اضافہ ہے۔ وزارت نے آج ایک بیان میں کہا ہے کہ دفاعی ساز و سامان کی سرکاری کمپنیوں نے آٹھ ہزار 389 کروڑ روپے کی برآمدات کے ساتھ 42 اعشاریہ آٹھ پانچ فیصد کا نمایا اضافہ درج کیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ ملک، 2029 تک دفاعی برآمدات میں 50 ہزار کروڑ روپے تک کا اضافہ کرنے کے ہدف کو حاصل کرنے کی جانب گامزن ہے۔x

## Coal Production FY24-25

بھارت کے کوئلے کے شعبے کی پیداوار مالی سال 25-2024 کے لیے مجموعی طور پر ایک ارب ٹن سے تجاوز کر گئی ہے اور یہ ایک ہزار 47 ملین میٹرک ٹن پہنچ گئی ہے۔ آج کوئلے کی وزارت نے اعلان کیا ہے کہ یہ پچھلے سال کے مقابلے چار اعشاریہ نو نو فیصد کا اضافہ ہے جس دوران کوئلے کی پیداوار 997 ملین میٹرک ٹن رہی تھی۔ مالی سال 25-2024 میں کوئلے کی فراہمی میں بھی پانچ اعشاریہ تین چار فیصد کا خاطر خواہ اضافہ ہوا اور یہ ایک ہزار 24 ملین میٹرک ٹن تک پہنچ گئی۔ وزارت نے اِس حصولیابی کی یہ کہتے ہوئے ستائش کی ہے کہ اس سے پیداوار کو بڑھانے، کوئلے کی فراہمی کو سلسلے وار کرنے اور ملک کی توانائی کی یقینی فراہمی میں اضافے کی کوششوں کی عکاسی ہوتی ہے۔x

## Joshi Renewable Energy FY25

بھارت کے قابل تجدید توانائی کے شعبے نے مارچ کے اختتام تک 25 گیگاواٹس نصب کر کے گذشتہ مالی برس کے دوران اب تک کی سب سے زیادہ صلاحیت حاصل کی ہے۔ نئی اور قابل تجدید توانائی کے وزیر پرہلاد جوشی نے آج نئی دلی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ مالی سال 24-2023 میں 18 اعشاریہ پانچ سات گیگاواٹ کے مقابلے گذشتہ مالی سال میں شعبے نے تقریباً 35 فیصد کی ترقی کی ہے۔x

**PM RE Joshi**

وزیر اعظم نریندر مودی نے قابلِ تجدید توانائی کے شعبے میں بھارت کی ترقی کی ستائش کی ہے۔ نئی اور قابلِ تجدید توانائی محکمے کے وزیر پرہلاد جوشی کے سوشل میڈیا پوسٹ کے تناظر میں جناب مودی نے قابلِ تجدید توانائی شعبے کی کامیابیوں کو ایک اہم پیشرفت قرار دیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اِن کامیابیوں سے پائیدار اور ٹھوس نظام کی سمت ملک کے شہریوں کے عہد کی عکاسی ہوتی ہے۔ x

**PM Surya Ghar**

پی ایم سوریہ گھر - مفت بجلی یوجنا سے گیارہ لاکھ کنبوں کو فائدہ ہوا ہے۔ گھروں کی چھت پر شمسی پینل لگائے جانے سے ایسا ہوا ہے۔

نئی اور قابلِ تجدید توانائی کے وزیرِ مملکت Shripad Yesso Naik نے راجیہ سبھا میں بتایا کہ 48 لاکھ درخواستیں موصول ہوئی ہیں اور ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو مالی امداد کے طور پر پانچ ہزار 77 کروڑ روپے تقسیم کئے گئے ہیں۔ x

**Aswini Vaisnav CBI**

مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے یہ کہتے ہوئے جرائم سے نمٹنے کی خاطر ایک تکنیکی اور قانونی طریقۂ کار پر زور دیا ہے کہ عصرِ حاضر میں صرف قانون وضع کرنا کافی نہیں ہے۔ مرکزی جانچ بیورو- سی بی آئی کے 62 ویں یومِ تاسیس کے موقع پر نئی دہلی میں 21واں ڈی پی کوہلی یادگاری لیکچر دیتے ہوئے وزیرِ موصوف نے یہ بات کہی۔ جناب ویشنو نے کہا کہ تیزی کے ساتھ ہوتی ہوئی تکنیکی، اقتصادی اور سماجی ترقی کے سبب تحقیقات کا روایتی طریقہ بدل گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ خاص طور سے مصنوعی ذہانت کے سبب درپیش عہدِ حاضر کے چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے سی بی آئی کو اسٹارٹ اپس، صنعت اور ماہرین تعلیم کے ساتھ زیادہ اشتراک پر غور کرنا چاہیے۔ انہوں نے تکنیکی حل فراہم کرنے کے لیے ملک کے ماہرین تعلیم، سائنسدانوں اور تحقیق کاروں کی طاقت کو بروئے کار لانے کی ضرورت کا اظہار کیا۔

جناب ویشنو نے جدید سائبر فارینسک لیبس کے قیام کے لیے CBI پر مختلف اداروں اور وزارتوں کے ساتھ شراکت داری پر زور دیا۔

S/B - Aswini Vaishnaw

**Waves CIC Registration**

اطلاعات و نشریات کی وزارت کے مطابق آڈیو وژول اور انٹرٹینمنٹ سمٹ Waves کے حصہ کے طور پر شروع کیے

گئے The Create in India Challenge سیزن ون میں 85 ہزار سے زیادہ رجسٹریشن کرنے کا سنگ میل حاصل کیا ہے۔ جس میں ایک ہزار ایک سو بین الاقوامی شرکاء شامل ہیں اور سخت انتخابی عمل کے بعد مختلف قسم کے 32 چیلنجز سے ساڑھے سات سو سے زیادہ Finalist کو منتخب کیا گیا ہے۔

یہ فائنلسٹ اپنی صلاحیتوں اور ہنر کا مظاہرہ کریں گے۔ اپنے چیلنجز کے نتائج کو پیش کریں گے اور اپنی متعلقہ صنعتوں میں کاروباری رہنماؤں کے ساتھ منسلک ہوں گے۔ ساتھ ہی پچنگ مذاکرہ میں بھی حصہ لیں گے۔ اور ماسٹر کلاسز، پینل مباحثے اور کانفرنسوں کے ذریعے عالمی ماہرین سے بصریت حاصل کریں گے۔

Create India Challenge کے جیتنے والوں کو ایک شاندار تقریب میں Waves Creater ایوارڈ سے نوازا جائے گا۔ افتتاحی Waves سمٹ یکم مئی سے چار مئی تک ممبئی میں منعقد ہوگا۔×

## India Japan Space Dialogue

تیسرے بھارت جاپان مذاکرات آج ٹوکیو میں منعقد کیے گئے جس میں خلاء سے متعلق پروگراموں، باہمی تعاون، سکیورٹی اور کمرشیل، اسپیس تعاون، پر توجہ مرکوز کی گئی۔

بھارتی وفد کی قیادت Disarmament ڈویژن کی Muanpuii Saiawi اور اسرو کے ایم گنیش پلئی نے مشترکہ طور پر کی۔ اِدھر جاپان کے وفد کی قیادت خلائی پالیسی کی اسسٹینٹ وزیر Saita Yukio اور Kazeki Jun نے مشترکہ طور پر کی۔ بھارت اور جاپان کی کمپنیوں کی شراکت داری کے ساتھ In-Space اور جاپان کی کابینہ کے دفتر کے ذریعہ منعقد کیے گئے صنعتی تعاون کے ایک اجلاس کی قیادت کی گئی۔ ×

## World US New Tariffs

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ بارہ کھرب امریکی ڈالر کے عالمی تجارتی خسارے کو کم کرنے کے مقصد سے، اُن ممالک پر نئے محصولات کا اعلان کرنے والے ہیں جنھوں نے امریکی سامان پر محصول نافذ کیا تھا۔ جناب ٹرمپ نے درآمدات اور برآمدات کے سلسلے میں اِسے امریکہ کے لیے آزادی کا دن قرار دیا ہے۔ دنیا بھر کے ممالک کو صدر ٹرمپ کے تحفظاتی اقدامات کے سبب سخت فیصلوں کا سامنا ہے، جس سے برآمد پر مبنی معیشتیں نمایاں طور پر متاثر ہوسکتی ہیں۔

اِس کے جواب میں یوروپین کی صدر Ursula von Der Leyen نے خبردار کیا ہے کہ اگر ضروری ہوا تو یوروپ جوابی کارروائی کے لیے تیار ہے لیکن امریکہ کے ساتھ بات چیت کے دروازے کھلے ہیں۔ اس دوران صدر ٹرمپ چین کی درآمدات پر پہلے ہی بیس فیصد محصول نافذ کرچکے ہیں جس سے اُن کی پہلی مدتِ کار کے دوران شروع ہوئی تجارتی محاذ آرائی جاری ہے۔x

## Fur Rev Gujarat Fire

گجرات کے بناس کانٹھا ضلع میں، آتش بازی کا سامان تیار کرنے والی فیکٹری میں دھماکے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد 18 ہو گئی ہے۔ وزیر اعلیٰ بھوپیندر پٹیل نے اس واقعہ پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے اور مہلوکین کے کنبوں کے چار-چار لاکھ روپے کی مالی مدد اور زخمیوں کو پچاس-پچاس ہزار روپے دینے کا اعلان کیا ہے۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کابینی وزیر Rushikesh Patel نے کہا کہ آتش بازی کا سامان تیار کرنے والی فیکٹری میں ایک زبردست دھماکے کے بعد سلیب گرنے کے سبب کم از کم 18 افراد ہلاک اور پانچ زخمی ہو گئے۔ کم از کم 23 ورکروں کے ملبے کے نیچے دبے ہونے کا اندیشہ ہے۔ کابینی وزیر نے میڈیا اطلاع دی کہ اس واقع کے فوراً بعد ضلع انتظامیہ نے بچاؤ کارروائی شروع کر دی تھی۔

وزیر موصوف نے یہ بھی کہا کہ فیکٹری کے لائسنس کی تجدید نہیں کی گئی تھی پھر بھی وہاں آتش بازی کا سامان ذخیرہ کیا گیا تھا۔ انہوں نے یقین دلایا کہ حکومت واقعہ کے ذمہ دار افراد کے خلاف سخت کارروائی کر رہی ہے اور اب تک دو افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔×

## IPL Cricket Early

IPL ٹی 20 کرکٹ میں، لکھنؤ میں پنجاب کنگس اور لکھنؤ سپر جائنٹس کے درمیان میچ کھیلا جا رہا ہے۔

لکھنؤ سپر جائنٹس نے مقررہ 20 اوورز میں سات وکٹ پر 171 رن بنائے ہیں۔ اس نے پنجاب کنگس کی جیت کے لیے 172 رن کا نشانہ رکھا ہے۔ لکھنؤ سپر جائنٹس کے لیے نیکلس پورن نے سب سے زیادہ 44 رن بنائے۔

اس سے پہلے پنجاب کنگس نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ دونوں ہی ٹیموں کے پاس دو - دو پوائنٹس ہیں۔ لکھنؤ پوائنٹس ٹیبل میں تیسری اور پنجاب پانچویں پوزیشن پر ہے۔× ××××